# منقبت مولا علیؑ

سب سے اعلیٰ سب کا داتا سب کا آقا مولا علیؑ
گونج رہا ہے یہ ہی نعرہ کوچہ کوچہ گلی گلی

دل کی زمیں پہ عشقِ علیؑ کے پھول یہ کِھل کر کہتے ہیں
عشقِ علیؑ میں جو جلتا ہے دوزخ سے ہوتا ہے بری

ابنِ ابی طالبؑ سے تقابل ابنُ الوقت کا کیسا بھلا
وہ ہے مال و زر کا پجاری یہ دونوں عالم کا ولی

چاند ستارے کیا بے چارے سورج لوٹ کے آئے گا
یہ جو کہہ دیں ٹل نہیں سکتا حکمِ خدا ہے حکمِ علیؑ

تابہ قیامت مل نہیں سکتا اِن کے جیسا مت ڈھونڈو
ایک ہے قرآں ایک خدا ہے ایک محمدؐ ایک علیؑ

کیا قامت ہے کیا عظمت ہے کیا منزل ہے کیا رتبہ
عشق علیؑ اسلام علیؑ قرآن علیؑ ایمان علیؑ

خوشبو کے در کھول رہے ہیں بن کے موالی بول رہے ہیں
ڈالی ڈالی بوٹا بوٹا غنچہ غنچہ کلی کلی

407

حیرت کی کیا بات ہے پیارے یہ ہی سچا نعرہ ہے

لب پہ کیوں نہ علیؑ علیؑ ہو گوہرؔ ہے فرزندِ ولی